## قائدتحریک الطاف حسین ملک کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانا چاہتے ہیں، ڈاکٹر علی حسین

## متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستانیوں کے مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے، افتخار اکبر رندھاوا

## پنجاب کے مظلوم عوام کو متحدہ کے پلیٹ فارم میں شامل کر کے ان کے حقوق دلائیں گے، سیف یار خان

## راولپنڈی میں ایم کیوایم اپر پنجاب کی تنظیم نو کے جلسے میں زونل کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا اعلان

راولپنڈی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدتحریک جناب الطاف حسین اس ملک کو ترقی کی جانب لے جانا چاہتے ہیں اور ملک کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانا چاہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بدھ کے روز راولپنڈی میں ایم کیوایم اپر پنجاب کی تنظیم نو کے موقع پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے ڈاکٹر چوہدری علی حسین، افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر اپر پنجاب کے کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی جس میں خواتین بھی نمایاں تھیں۔اپنے خطاب میں ڈاکٹر علی حسین نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنماء ہیں جو غریب کارکنوں کو مظلوم عوام کے آواز پہنچانے کیلئے ایوان اقتدار تک پہنچارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آج جن ذمہ داروں کو تحریکی ذمہ داریاں دی جارہی ہیں وہ تحریک کے اعتماد پر پورا اتریں گے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فلسفے ''عملیت پسندی و حقیقت پسندی'' کے پیغام کو پنجاب کے مظلوم عوام تک پہنچائیں گے۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستانیوں کی جماعت ہے جس میں تمام قومیتوں اور مذاہب کے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے اردو بولنے والوں کے حقوق کے ساتھ دیگر قومیتوں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی اور مہاجر قومی موومنٹ کو متحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کیا۔سیف یار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک بہترین سسٹم کی حامل جماعت ہے جس کا نظم وضبط مثالی مانا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب میں آئے ہیں تاکہ یہاں کے مظلوم عوام کو متحدہ کے پلیٹ فارم میں شامل کر کے ان کے حقوق دلاسکیں اور یہی قائدتحریک جناب الطاف حسین کا مشن ومقصد ہے۔الطاف زیدی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قائدتحریک الطاف حسین کا سجایا ہوا ایسا گلدستہ ہے جس کی خوشبو سندھ کے ساحلی علاقوں سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام آج آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی پھیل چکا ہے اور لوگ جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔قبل ازیں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن نے ایم کیوایم اپر پنجاب کی 16 رکنی زونل کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا اعلان کیا اور نو منتخب زونل کمیٹی کے اراکین کو اپنی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆